© rasailojaraid.com



شورش کاشمیری رحمۃ اللہ علیہ

## اُمّ المؤمنین سیدہ عائشہ صدّیقہ رضی اللہ عنہا

(وصال: ۱۷؍ رمضان المبارک، ۵۸ ہجری)

ہوں مرے ماں باپ قرباں اس مقدّس نام پر
عائشہ کے سینکڑوں احسان ہیں اسلام پر
جس کی عصمت کی گواہی دی کلام اللہ نے
جس کی غیرت کے نشاں ہیں دامنِ ایّام پر
جس کو بخشا تھا پیمبر ﷺ نے حمیرا کا لقب
مہرومہ کی رونقیں قربان اُس کے نام پر
جس کے فرزندوں نے سیلِ بیکراں کے روپ میں
اپنی سطوت کے علم لہرائے روم و شام پر
جس پہ باندھا تھا خدا کے دشمنوں نے اِتہام
آج تک انسان شرمندہ ہے اس الزام پر
سیّد الکونین ﷺ کی سیرت کا نورانی ورق
جیسے صیقل جگمگاتی ہو دلِ صمصام پر
ہم گنہگاروں کا شورش کون ہے ان کے سوا
خواجۂ کونین ﷺ کی رحمت ہے خاص و عام پر

☆......☆......☆



© rasailojaraid.com